نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں مشاورتی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب ہائی ٹیک میکانائزیشن فنانسنگ پروگرام بارے سٹیک ہولڈرز سے مشاورت

وزیر اعلیٰ پنجاب صوبہ میں زرعی میکانائزیشن کے فروغ کے لئے پُر عزم ہیں۔وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:5مارچ2025: وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں وزیر اعلیٰ پنجاب ہائی ٹیک میکانائزیشن پروگرام بارے مشاورتی اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے شرکت کی۔

اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کا مقصد زراعت کے شعبے کی ٹرانسفارمیشن ہے۔ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام کے تحت زرعی شعبے کی بہتری کیلئے 400 ارب روپے سے زائد کے فیاضانہ فنڈز فراہم کئے گئے۔وزیر اعلیٰ پنجاب صوبہ میں زرعی میکانائزیشن کے فروغ کیلئے پر عزم ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے اپنے دورہ چین کے دوران زرعی میکائزیشن میں خصوصی دلچپسی لی۔پاکستان میں زراعت کے شعبے میں میکانائزیشن کا استعمال صرف 35 فیصد ہے جبکہ یورپ میں میکانائزیشن 70 فیصد ہے۔صوبہ میں زرعی میکانائزیشن کے فروغ کیلئے گرین پاکستان انئشیٹو پروگرام کے تحت تحصیل کی سطح پر ایگری رینٹل سروسز کا اجراء بھی عمل میں لایا جارہاہے۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت نے واضح کیا کہ صوبہ میں زرعی میکانائزیشن کا فروغ ایک بڑا چیلنجنگ ٹاسک ہے۔ حکومت پنجاب کا مقصد چھوٹے اور درمیانے کاشتکاروں کو سروس پروائیڈرز کے ذریعے سپورٹ فراہم کرنا ہے۔اس مقصد کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب ہائی ٹیک فنانسنگ پروگرام کے تحت سروس پروائیڈرز، درآمد کنندگان، مینوفیکچررز اور ایسے کاشتکار جو مل کر مشینری خریدنا چاہیں گے، انہیں 5 کروڑ روپے تک بلاسود زرعی قرضہ جات بینکوں کے ذریعے فراہم کئے جائیں گے۔اس ضمن میں تمام سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی جارہی ہے تاکہ اُن کی پیش کردہ قابلِ عمل تجاویز کی روشنی میں آئندہ بجٹ میں زرعی میکانائزیشن کے فروغ کے میگا

پروگرام کو لانچ کیا جا سکے۔ وزیر زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ شعبہ زراعت توسیع اور زرعی یونیورسٹیوں کے اشتراک سے مشینری کے آپریٹرز اور کاشتکاروں کے لئے عملی تربیت کا انتظام کیا جائے گا۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ زراعت کے شعبہ میں جدید مشینری کے استعمال کے بغیر پیداواری اہداف کا حصول ممکن نہیں ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب ہائی ٹیک فنانسنگ پروگرام کے تحت مختلف فصلات کی 25 اقسام کی مشینری سروس پرووائیڈرز کے ذریعے کرایہ پر فراہم کی جائے گی تاکہ صوبہ میں زرعی میکانائزیشن کو فروغ مل سکے۔

اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈپٹی سیکرٹری پلاننگ کاشف بشیر، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، انجنئیر ساجد نصیر سمیت دیگر افسران، زرعی مشینری کے درآمد کنندگان، سروس پرووائیڈرز اور مینوفیکچررز نے شرکت کی جبکہ بینک آف پنجاب کے صدر ظفر مسعود نے بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔

☆☆☆☆